نمبر (۱۸) جلد (۴۱)

اخبار ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۶ مئی ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری تجویز بابت ادائے قیمت طباعت	۱و۲
۲	اضافہ [illegible]	۲
۳	تقرر صاحبزادہ سید احمد علی خان بہادر بعہدہ ممبری کونسل [illegible]	۵
۴	منظوری تجویز [illegible] فیس	۳و۴
۵	احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر	۴
۶	انتظام اسامی رحمت اللہ خان [illegible]	۴
۷	بابت فیس شرکت امتحان [illegible]	۵
۸	نقشہ نرخ بازار [illegible]	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

صیغہ جات ریاست کا جو کام طباعت کاغذات وغیرہ مطبع سرکاری میں ہوتا ہے اسکی ادائیگی قیمت کے متعلق صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر نے اپنی یادداشت معروضہ ۵ اگست سنہ ۱۹۲۸ء میں تین صورتیں تجویز کی ہیں۔ جملہ سکریٹری صاحبان بہادر سے ان تجویزات کے متعلق رائے طلب کی گئی۔ کثرت آرا تجویز نمبر ۱ کے متعلق ہوئی کہ "مطبع کا باضابطہ حساب ہر صیغہ سے علحدہ مرتب کیا جایا کرے"۔ لہذا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی تجویز نمبر ۱ مندرجہ عرضداشت ۵ اگست سنہ ۱۹۲۸ء باتفاق و کثرت رائے سکریٹری صاحبان بہادر منظور رہی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس حکم کی مع نقل عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر معروضہ ۵ اگست سنہ ۱۹۲۸ء جملہ سکریٹری صاحبان بہادر۔ صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر۔ سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی۔ کرنل محمد علی خان بہادر۔ منشی محمد علی خان کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض [illegible] میر [illegible]

جناب عالی

مطبع میں محکمہ جات ریاست کے جو کام طبع ہوتے ہیں انکی اجرت کی رقم وصول ہونے کی صورت

یہ ہوتی ہے کہ ہر محکمہ سے اجرت طبع اور قیمت کاغذ کا ایک جمع خرچ بناکر مجرا کرا لیا جاتا ہے
اور خزانہ سے مطبع کی باقتی رقم کی رسید اور داخلہ بھیجکر وہ رقم بمد آمدنی مطبع کرادیجاتی ہے
اسوقت تک علدرآمد یہ تھا کہ جسوقت حکم مجرائی خزانہ میں پہنچتا تھا - اہلکار مطبع رسید اور داخلہ
رقم باقتی کا مرتب کرکے مطبع کی رقم فوراً سیاہہ کرادیتے تھے اور قیمت کاغذ کی رقم دوکاندار
جب چاہتے تھے وصول کرلیتے تھے - اس علدرآمد قدیم کے خلاف اب دیوان صاحب
چاہتے ہیں کہ مطبع کی باقتی رقم اور دوکاندار کو قیمت کاغذ کی رقم ایک ہی وقت دیجائے
چونکہ یہ امر دشوار ہے کہ خزانہ میں حکم مجرائی پہنچنے کے بعد جسوقت مطبع سے وصول رقم کی
کارروائی کیجائے اسیوقت دکاندار بھی اپنی رقم وصول کرنے کو خزانہ میں حاضر ہوجائے
اس لئے چند جمع خرچوں کی رقوم باقتی مطبع خزانہ میں غیر وصول شدہ پڑی ہیں اور مطبع
وصول نہیں کرسکتیں فہرست ایسے جمع خرچوں کی منسلک ہے - دیوان صاحب صدر کہتے ہیں
کہ پہلے علدرآمد کی صورت یہ تھی کہ اگر کسی جمع خرچ میں دو شخص یا چند شخصوں کی باقتی رقم
ہوتی تھی تو ایسے جمع خرچ کی رقم مجرا طلب میں رکھکر وقتاً فوقتاً ہر شخص کو اسکی باقتی رقم
دیتے رہتے تھے اور جب کل رقم جمع خرچ کی بیباق ہوجاتی تھی تو اسکو خرچ میں ڈالدیتے تھے
اب یہ طریقہ بند کردیا گیا ہے - تر تنقیح کو اس سے بحث نہیں کہ خزانہ کے حسابات کا
کیا طریقہ ہونا چاہئے - قابل گزارش یہ امر ہے کہ مطبع کی ہزاروں روپیہ کی رقم اسی صورت سے
ختم سال پر وصول ہوتی ہے اور بعض تاریخوں میں بیش بیش اور اس سے بھی زیادہ
مجرا شدہ جمع خرچ خزانہ میں آتے ہیں یہ ناممکن ہے کہ کل جمع خرچوں علاوہ مطبع کے جن جن
اشخاص کی باقتی رقوم ہوں وہ سب بھی اسیوقت خزانہ میں حاضر ہوجائیں جسوقت مطبع سے
وصول رقم اور سیاہہ کی کارروائی کیجائے - لہذا اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ باقتی رقوم فوراً وصول
نہ ہوسکینگے اور حکم اجلاس ہمایون کے موافق بعد پندرہ روز کے وہ حکم مجرائی کینسل ہوجائیگی
اور مطبع کے حسابات معلق پڑے رہینگے - اگر خزانہ سے علدرآمد قدیم مسدود کیا جانا مناسب ہے
تو بدانست تنقیح یہ صورت بہتر ہوگی کہ جملہ محکمہ جات سرکاری کے جسقدر جمع خرچ مرتب
ہوچکے ہیں انکی مجرائی کے بعد خزانہ سے مطبع کی باقتی رقم کا علدرآمد فوراً کردیا جایا کرے - اور جس
جمع خرچ میں کسی دوسرے شخص کی رقم امانت کرلیجایا کرے - اس صورت میں مجرا طلب کی ضرورت
خزانہ میں نہ ہوگی بلکہ ہر جمع خرچ کی رقم فوراً جمع خرچ میں درج ہوکر مطبع کی رقم مطبع کے حساب میں جمع
ہوجائیگی باقی رقم جبتک یابندہ رقم وصول کرے خزانہ سے حساب امانت میں درج رہیگی
اور آیندہ کے لئے حسب ذیل صورتوں میں سے کوئی ایک صورت بطور قاعدہ عام جاری ہوجائے
(۱) یا عام حکم کل محکمہ جات ریاست کے لئے نافذ فرمایا جائے کہ مطبع کی باقتی رقم کا جمع خرچ
بالکل علحدہ بنایا جائے جسمیں کسی دوسرے شخص کی باقتی رقم شامل نہ ہو -
(۲) یا - مطبع کی باقتی رقم نزدات سے ادا کردیجائے اسکے بعد مجرائی کی کارروائی ہوتی رہیگی
(۳) یا - مشترک جمع خرچ مرتب کیا جائے - تو جس جمع خرچ میں مطبع کی باقتی رقم ہو جسوقت
مطبع سے رسید و داخلہ بھیجا جائے اسیوقت اس جمع خرچ کی رقم خرچ میں ڈالکر مطبع کی رقم بیباق
کردیجائے اور دوسرے شخص کی باقتی رقم خزانہ میں امانت کرلیجائے -

گزارش ہے کہ بعد مشورہ صاحب فائننسل سکریٹری بہادر جو صورت مناسب ہو اسکی نسبت اجلاس
ہمایون سے جلد احکام نافذ فرمائے جائیں - ورنہ مطبع کی باقتی رقوم کے وصول پر اسکا بہت
اثر پڑیگا - دولت و اقبال جاوید باد -

~~[illegible]~~
معروضہ [illegible] سنہ ۱۹۲۹ء

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی مبارک دربارہ اضافہ تنخواہ
منشی کالیچرن محرر توشہ خانہ بقدر مبلغ پانچ روپیہ ماہانہ بوجہ دیرینہ
ملازمت و حسن انجام دہی کام -

حکم

بموجب رپورٹ - کالیچرن محرر توشہ خانہ کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور کر
سررشتہ عہدہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تقرر

۲۲ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

اسوقت کونسل خاندان میں دو ممبر کام انجام دیتے ہیں - بلحاظ ضرورت صاحبزادہ سید
محمد علیخان بہادر عرف منّن صاحب کو بھی ممبر کونسل خاندان مقرر کیا جاتا ہے - تاکہ کونسل کے
متدائرہ معاملات کے تصفیہ کے لئے کم از کم دو ممبران کی موجودگی ہوا کرے - سررشتہ عہدہ سے
احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ کیجائے -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

بہنگام معائنہ کام اہلکاران تحصیل شاہ آباد نوٹ صاحب مہتمم بندوبست سے ظاہر
ہوا تھا کہ رجسٹر کورٹ فیس کی پیشانی محرر سرسری کے پاس خلاف نمونہ بقیہ تحصیلات کے ہے
مثل دیگر تحصیلات ہونا چاہئے - اس لئے بقیہ تحصیلات سے پیشانیاں رجسٹر مذکور طلب
ہوکر ملاحظہ ہوئیں - چونکہ پیشانیاں مذکور تحصیلات میں جدا جدا نمونہ کی مروج ہیں یکسانی
عمل کی ضرورت ہے - اور انمیں طلبانہ کا اظہار ہونا ضروری امر ہے - کیونکہ اس سے ماہواری
نقشہ مرتب ہوتا ہے - اور بعض ملازمان کی تنخواہ بھی اس مد سے دیجاتی ہے اور مقدمہ کی تفصیل

کی بھی ضرورت ہو - لہذا حسب تجویز سررشتہ دار صاحب صدر پیشانی رجسٹر کورٹ فیس مروجہ تفصیلات منسوخ کیجاتی ہے - اور نمونہ مجوزہ سررشتہ دار صاحب صدر سررشتہ ہذا منظور ہے - عمل اجرا پیشانی فوراً کیا جائے - احکام جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب نمبر دو ہوم سکریٹری بہادر

نقشہ وصول طلبانہ و کورٹ فیس ہر قسم مع فیس طلبی مسل ریاست رامپور میں ابتدا														سنہ ۱۹
نمبر شمار	نمبر مقدمہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	طلبانہ		رسوم عدالت		فیس طلبی مسل		[illegible]	[illegible]	کیفیت
						[illegible]	رقم	[illegible]	رقم	[illegible]	رقم			
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵

نوٹ - نہایت ضروری امر ہے کہ جس روز مقدمہ دائر ہوئے اُسی دن درج رجسٹر ہو جائے

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

احمد شاہ خان مدرس اول پل بختہ کا ابتداءً للعہ تنخواہ پر مدرسہ مذکور میں تقرر ہوا تھا پھر باضافہ دو روپیہ ماہوار مدرسی اول پل بختہ پر تبدیل ہوا مگر بحکم ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء بوجہ خرابی نتیجہ امتحان دو روپیہ تنزل کیا گیا تھا اب وہ للعہ ماہوار تنخواہ پا رہا ہے - اس عہدہ کی تنخواہ منظور شدہ مبلغ للعہ ہے - امسال مدرسہ پل بختہ کا نتیجہ اچھا رہا - ۸ طلبا شریک امتحان ہوئے تھے جنمیں سے ۷ پاس ہوئے ہیں - لہذا احمد شاہ خان مدرس اول پل بختہ کی تنخواہ میں چار روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے - اب نامبردہ للعہ اپنے عہدہ کی پوری تنخواہ پائیگا اور نامبردہ کی ملازمت غیر مستقل میں بالفعل یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی لہذا

حکم ہے کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ سینہ کھیڑہ تحصیل ملک میں سیتے گوپال بہاری مڈل پاس کا تقرر بمشاہرہ للعہ ماہوار مئی تا آخر اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء تک منظور کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیعات

۲۹ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - مدرسان ذیل کی ملازمت غیر مستقل میں یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے چھ چھ ماہ کی توسیع کی گئی -

چھیدا لال انگلش ٹیچر مدرسہ تحصیلی ملک - حیدر علی مدرس مدرسہ مین پورہ تحصیل بلاسپور - انندی پرشاد انگلش ٹیچر مدرسہ تحصیلی بلاسپور - محمد حسنین مدرس مدرسہ بہٹ پورہ پیادہ تحصیل بلاسپور - اشتیاق حسین مدرس مدرسہ جھونی سرائے تحصیل شاہ آباد - محمد بخش مدرس مدرسہ حکیم گنج تحصیل سوار

لہذا حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۹ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مدرسان ذیل یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے مستقل کئے گئے۔

محمد امین مدرس دوم مدرسہ پل پختہ - محمد حسن نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بحال -
سید محمد حسن انگلش ٹیچر مدرسہ گنج بے باز خان -
اور مدرس نمبر ۲ کی رقم الاؤنس تین روپیہ ماہوار شامل تنخواہ کرکے دس روپیہ مستقل تنخواہ

کیجاتی ہے - لہذا حکم ہے کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۹ مارچ ۱۹۲۹ء

مدرسہ ٹانڈہ میں رمضان خان مڈل پاس کا تقرر بشاہرہ ؏ ماہوار اسحاق تا آخر اکتوبر ۱۹۲۹ء تک کیا گیا -

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۴ اپریل ۱۹۲۹ء

رحمت اللہ خان جمعدار نے بعد ضعف بصارت ۲۹ اگست ۱۹۱۷ء کو اپنی جگہ اپنے پسر لطف اللہ خان کو مقرر کرایا تھا جو بقضائے الٰہی ۱۱ سال ملازمت کرکے ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۸ء کو فوت ہوا - رحمت اللہ خان نے پھر اپنی جگہ واپسی کی خواہش کی تو صاحب مہتمم بندوبست نے تین ۳ ماہ کے لئے عارضی تقرر رحمت اللہ خان کی سفارش کی اور ظاہر کیا کہ بغور نوشت و خواند کر سکتے ہیں - مزید اطمینان کام تین ماہ کے اندر کر لیا جائیگا - صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے خود اپنے اجلاس میں رحمت اللہ خان سے رپورٹ مہتمم بندوبست پڑھوایا اور اٹک اٹک کر پڑھنے سے یہ نتیجہ نکالا کہ کام نہیں چل سکتا ہے - مگر بلحاظ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست نے تین ۳ ماہ کے لئے عارضی تقرر فرما دیا - ختم ۳ ماہ کے بعد مزید ۳ ماہ کی مزید توسیع جمعدار مذکور کو اس بنا پر دیدی کہ کافی اطمینان سرانجامی خدمات کا کیا جا سکے - یہ توسیع بھی چونکہ ۳۰ اپریل ۱۹۲۹ء کو ختم ہونیوالی ہے - اس لئے ہمنے خود اپنے سامنے رحمت اللہ خان سے اندراج روزنامچہ کو پڑھوایا - اسمیں شک نہیں کہ نظر بہت کم ہے - جبتک کاغذ کو ایک بالشت اور اس سے کم قریب چشم نہیں کر لیا جاتا ہے بالکل نظر نہیں آتا ہے - اسپر بھی خود اپنا لکھا ہوا رحمت اللہ خان بلا تکلف نہیں پڑھ سکے - اور کوئی لفظ دقت سے نکالا - ایک پہل کی مختلف تحریرات کو پڑھوایا جسکے اکثر الفاظ نہ پڑھ سکے

عمر بھی ساٹھ ۶۰ سال سے متجاوز معلوم ہوتی ہے - کمزوری اور ضعیف البصارت کی وجہ سے از کار رفتہ ہو چکے ہیں اس لئے ملازمت نوشت خواند سے معذور ہیں - اور قابل سبکدوشی ہیں لیکن ملازمت قدیمی کی بنا پر اور ضعف ذاتی کی وجہ سے قابل پرورش ہیں - جسکے لئے اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم میں جداگانہ التماس کیا جائیگا کہ رحمت اللہ خان کی پرورش مصرف خیر سے فرما دیجائے تو داخل پرورش ہوگا - اس عارضی ملازمت سے انکو بعد ختم میعاد رسید سبکدوش کیا جاتا ہے اور انکا معمولی سا کام دیگر اہلمدان پر تقسیم کر دیا جائیگا - جسکی بابت پیشکار اجلاس کو رپورٹ دینا چاہئے - رحمت اللہ خان کی جگہ کسی دوسرے آدمی کے تقرر کی فی الحال ضرورت نہیں ہے بلکہ انکی تنخواہ ؏ میں سے مبلغ ؏ روپیہ اہلکاران اجلاس کو حسب تفصیل ذیل بطور اضافہ کے یکم مئی ۱۹۲۹ء سے دیئے جاتے ہیں کیونکہ بلحاظ کام تنخواہیں انکی کم ہیں - اور ایک روپیہ الاؤنس بابت صفائی دفتر اجلاس سررشتہ صدر قانونگوئے حشمت علی دفتری کو دیا جائے - کیونکہ فراش انکے ہاں نہیں ہے - بابت الاؤنس فراش جو ضرورتاً منظوری اجلاس ہمایوں دام اقبالہم و ملکہم سیاہی بنا دیا گیا ہے - باقیماندہ چند روپیہ فی الحال بچت میں رہیں گے -

	کل	اضافہ	تعداد تنخواہ موجودہ	نام اہلکار
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	منشی محمود حسن
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	منشی محمود حسین ناظر
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	حافظ انیس احمد خان
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	منشی اشرفی لال
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	منشی رضا علی
فراشی کا الاؤنس بعد حکم ثانی دیا جائیگا -	[illegible]	الاؤنس [illegible]	[illegible]	حشمت علی دفتری

حکم ہوا کہ

بمطابقت بالا نقل احکام صدر جاری ہوں - مسند برآمد واپس ہو - ایک اطلاعی عرضداشت اجلاس ہمایوں دام اقبالہم و ملکہم میں بھی ارسال کیجائے -

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۵ مئی ۱۹۲۹ء

سرکلر قواعد مدرسہ پٹواریان منظورشدہ جدید کی بموجب سارے پٹواریوں متعلق امتحان کی ذمہ داری بجائے مدرسہ پٹواریان صیغہ نے لی ہے - اور صیغہ بندوبست میں سیو جدید بالغ و سیلی کی تحقیق شرکت امتحان بنا بر بعض سالہ مقرری قواعد امتحان منظور ہوئی ہے جو سالانہ بندوبست سے بجائیگی - سالانہ بھی سال ہو یکی وجہ سے اور وہ ناکس نہیں جانتے انکا صرف وقت کے ہر طالب علم جو آمد شدید و پرائیوٹ آغاز امتحان قبل ہر طرح بالترتیب پرائیوٹ لیجائیگی - لہذا حکم ہوا کہ بصیغہ ضروری آج ہی احکام جاری ہوں -

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور سن ابتدائے ہفتہ اول ماہ مئی سنہ ۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۶ ار ۶ ۰ ار ۱۷ ار ۱۷ ار		۱۷ ار ۱۷ ار	۷ ۰ ۱			
نخود خالص	۱۲ ار ۱۲ ار		۱۲ ار	۱۵ ار			
نخود کم آمیز	۱۲ ار ۶ ۰ ار		۷ ۰ ار	۱۸ ار			
کس	۱۶ ار ۶ ۰ ار		۱۶ ار	۵ ۰ ار			
ماش	۱۵ ار ۵ ۰ ار		۵ ار	۵ ار			
مونگ	۴ ار ۴ ۰ ار		۴ ار	۰			
مکا	۷ ۰ ار		۰	۰			
جَو	۹ ار		۱۰ ار	۹ ۰ ار			
گوجی	۱۰ ۰ ار		۵ ۰ ار	۰			
مسور	۷ ۰ ار		۷ ار	۸ ار			
ارہر	۷ ار ۷ ار ۷ ۰ ار		۵ ۰ ار	۷ ار			
برنج	۳ ار ۳ ار		۳ ار ۳ ۰ ار	۳ ۰ ار			
روغن زرد	۸ ۰ چھٹانک ۵ ۰ چھٹانک		۹ ۰ چھٹانک ۰ ار ار	۰ ار			
روغن سیاہ	۱ ار ار		۱ ۰ ار	۱ ۰ ار			
روغن کنجد	۱ ۰ ار ۱ ار		۱ ار	۰			
نمک سہر	۱۲ ار		۱۲ ار	۱۱ ار			
نمک ...	۳ ار		۳ ار	۰			
قند سیاہ	۳ ۰ ار ۶ ار		۶ ۰ ار	۵ ۰ ار			
باجرہ	۶ ۰ ار		۰	۰			